SGO-10-G1-20

651730 رول نمبر

اسد محمود دستخط امیدوار

1020 (جماعت دہم) وارننگ : اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔

اردو لازمی (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2016-18 to 2018-20)

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 3027** (گروپ پہلا) کل نمبر 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اسم فاعل کی قسمیں ہیں۔ | دو ✓ | چار | تین | ایک |
| 2 | ''ابو القاسم'' گرامر کی رو سے ہے۔ | لقب ✓ | عرف | کنیت | خطاب |
| 3 | ''علم وعمل'' گرامر کی رو سے ہے۔ | مرکب اشاری | مرکب جاری | مرکب عطفی ✓ | مرکب توصیفی |
| 4 | سبق ''ملمع'' میں جب لڑکی ریلوے اسٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں دیر تھی | آدھا گھنٹا | چند منٹ | ایک گھنٹا | پندرہ منٹ ✓ |
| 5 | چغل خور کام جانتا تھا۔ | کھیتی باڑی کا ✓ | لکڑی کا | معماری کا | لوہے کا |
| 6 | نام دیو بڑی تن دہی سے اپنے کام میں مصروف اور مگن رہتا تھا، اس کی وجہ تھی۔ | تنخواہ کا لالچ | اپنے کام سے محبت ✓ | افسران کی خوشی | بے عزتی کا خوف |
| 7 | علی بخش کو زمین دی گئی تھی۔ | جھنگ میں | لاہور میں | لائل پور میں ✓ | خانیوال میں |
| 8 | مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں قلمی نسخے ہیں۔ | تیس ہزار | پچاس ہزار ✓ | دو لاکھ | ایک لاکھ |
| 9 | ''غالب کے خطوط'' مرتب کیے ہیں۔ | ڈاکٹر عبدالحق | ڈاکٹر خلیق انجم | ڈاکٹر سید عبداللہ | ڈاکٹر حسن ✓ |
| 10 | رشید احمد صدیقی اردو کے لیکچرار مقرر ہوئے۔ | علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں | پنجاب یونیورسٹی میں | الٰہ آباد یونیورسٹی میں ✓ | پشاور یونیورسٹی میں |
| 11 | نظم ''میدان کربلا میں گرمی کی شدت'' صنف سخن کے لحاظ سے ہے۔ | قصیدہ | آزاد نظم | مرثیہ ✓ | رباعی |
| 12 | علامہ اقبال نے فاطمہ کو حور کہا ہے۔ | آسمانی | ارضی | جنتی | صحرائی ✓ |
| 13 | ادا جعفری کی غزل ان کے مجموعہ کلام سے لی گئی ہے۔ | شہر درد | غزالاں تم تو واقف ہو ✓ | میں ساز ڈھونڈتی رہی | خوشبو |
| 14 | ''عرض'' کا درست تلفظ ہے۔ | عَرْض | عُرَض ✓ | عَرَض | عِرَض |
| 15 | ''تعاون'' کے درست اعراب ہیں۔ | تَعَاوُن | تُعَاوَن | تَعَاوُن ✓ | تَعَاوِن |



www.taleem360.com

SGD-10-G1-20

10۔ (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (سیشن 2016-18 to 2018-20) سیکنڈری پارٹ (II)

وقت: 2.10 گھنٹے (گروپ پہلا) کل نمبر 60

حصہ ............ اول

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) (10)

(حصہ نظم)

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے ☆ بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) آئینۂ مہر کا تھا مکدّر غبار سے ☆ گردُوں کو تپ چڑھی تھی زمیں کے بخار سے

(iii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر ☆ دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(iv) رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف بھی دیکھیے ☆ چیخنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شغال

(حصہ غزل)

(v) میں درماندہ اُس بارگاہِ عطا کا ☆ گُنہ گار ہوں ، اِک خطا ہوگئی ہے

(vi) سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا ☆ تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلالیں ☆ ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

حصہ ............ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے۔ (5+5=10)

(الف) اس رجحان نے تخلیقی سطح پر ایک نئی سمت کی طرف اشارہ کیا ہے جس سے یہ نتیجہ نکالنا بے موقع نہ ہوگا کہ عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض <u>تہوار</u> منانے اور اچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دور تک جاتا ہے جس سے عید کے بارے میں اردو شعرا کی <u>تخلیقات</u> کو ایک نئی سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے <u>داخلی رویوں</u> کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایت میں یہ عمل صرف یک طرفہ <u>مناظر کشی</u> تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔

(ب) حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا <u>مرتبہ علم</u> ایسا تھا کہ صحابہ کرام مسائل کی تحقیق میں ان سے <u>رجوع</u> کرتے تھے۔ حضرت ابو ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں جوشِ ایمانی، <u>حق گوئی</u> اور آنحضرت رسول اللہ ﷺ سے <u>بے کراں محبت</u> وعقیدت۔ حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا ایک مرتبہ و مقام یہ ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے میزبان رہے ہیں۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھئے۔ (10)

(i) میر انیس شیر اور آہو پر دھوپ کے کیا اثرات بیان کرتے ہیں؟

(ii) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟

(iii) عید الفطر پر نظموں میں شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟

(iv) علی بخش مصنف کو کیوں گھور رہا تھا؟

(v) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے؟

(vi) سڑک ''مال گودام روڈ'' پر جسے جانا پڑے اس کا انجام کیا ہوتا ہے؟

(vii) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا تھی؟

(viii) جگر مراد آبادی کے خیال میں روح کو محبت کا مزہ کیسے ملتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) استنبول (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ (15)

(i) زم زم (ii) وقت کی پابندی (iii) سائنس کے کرشمے

7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ (10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو اِن کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اسکی وسعت کی برابری نہیں کرسکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات:- (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کونسے ہیں؟ (ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھئے؟

(iv) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

(v) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

1002 -- 1020 -- 60000

www.taleem360.com

S40-10-G2-20

**1020 (جماعت دہم)** وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر.........................

**اردو لازمی** (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2016-18 to 2018-20) دستخط امیدوار.........................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 3026** (گروپ دوسرا) کل نمبر 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | گرامر کی رو سے اسم مکبر ہے۔ | تلوار | شہ زور | ڈھولک | افسر |
| 2 | ''چاقو'' گرامر کی رو سے ہے۔ | اسم تصغیر | اسم ظرف | اسم آلہ | اسم صوت |
| 3 | تہنیت عیدالفطر کس شاعر کی نظم ہے؟ | اقبال | حالی | غالب | فراق |
| 4 | مرزا محمد سعید کے پہلے ناول کا نام ہے | یاسمین | خاک اور خون | محمد بن قاسم | میدانِ عمل |
| 5 | مصنف کے دوست انھیں راجا صاحب سے ملوانے کہاں لے جانا چاہتے تھے؟ | [illegible] | الہ آباد | احمد آباد | احمد نگر |
| 6 | جب لڑکی ریلوے اسٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟ | پندرہ منٹ | آدھا گھنٹا | چند منٹ | ایک گھنٹا |
| 7 | چغل خور کہاں رہتا تھا؟ | قصبے میں | شہر میں | گاؤں میں | بیرون ملک |
| 8 | ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے؟ | منزل پر | راستے میں | گھر میں | دہشت میں |
| 9 | میر مجروح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے؟ | میر مجروح | میرن | شاہ محمد عظیم | میر نصیر الدین |
| 10 | سبق ''علی بخش'' کس کتاب سے لیا گیا ہے۔ | ماں جی | شہاب نامہ | یا خدا | افسانے |
| 11 | حسرت موہانی کے مطابق کون سا راستہ ہے جہاں بادِ صرصر صبا ہوگئی ہے۔ | دیار وفا | راہ وفا | راہ محبت | رہ دیار غیر |
| 12 | پاکستان ستاروں کے جھرمٹ میں ہے۔ | سورج | چاند | مرکزہ | روشن ستارہ |
| 13 | ''مسافر'' کا درست تلفظ ہے۔ | مِسَافُر | مَسَافُر | مُسَافِر | مِسَافِر |
| 14 | ''جسم'' کا درست تلفظ ہے۔ | جِسْمُ | جَسَمُ | جُسِمُ | جِسَمُ |
| 15 | آئندہ زمانے کو زمانہ کہتے ہیں۔ | حال | ماضی | مستقبل | فعل ناقص |

www.taleem360.com

SGD-10-G2-20

1020 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (سیشن 2016-18 to 2018-20) سیکنڈری پارٹ (II)

وقت: 2.10 گھنٹے (گروپ دوسرا) کل نمبر 60

حصہ ---------------- اول

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) ( 10 )

( حصہ نظم )

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے ☆ بہارِ جاودانی ہے اسی کی باغبانی سے

(ii) گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر ☆ بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

(iii) فاطمہ! تو آبروئے اُمتِ مرحوم ہے ☆ ذرہ ذرہ تیری مُشتِ خاک کا معصوم ہے

(iv) میاں شتر کو مبارک یہ رشتہ شادی ☆ اسی کو کہتے ہیں اردو میں قید آزادی

( حصہ غزل )

(v) پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرتؔ ☆ جب اس راہ کی ابتدا ہوگئی ہے

(vi) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا ☆ ٹوٹ کر دل ، اسی سے ملتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلائیں ☆ ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) ''لے آؤ سامان!'' وہ ایک **دل فریب** مسکراہٹ کے ساتھ بولی۔ **قلی** سامان رکھ کر اُسے ایک آنکھ سے گھورنے لگا۔ جیسے وہ اُس کی تہ تک پہنچنا چاہتا ہو۔ لڑکی بھانپ گئی۔ اُس نے بٹوا کھولا اور ایک چمکتی ہوئی اٹھنّی اُس کی طرف بڑھا دی۔ قلی کا چہرہ جو حقارت کے جذبات کے باعث بُری طرح لٹکا ہوا تھا، ایک دم **کھِل اُٹھا**۔ مزدور کو مزدوری چاہیے۔ اُسے کسی کے معاملات سے کیا غرض؟ اُس نے اٹھنّی کو مَل کے دیکھا، جیسے وہ یقین کرنا چاہتا ہو کہ واقعی اس ہلکے پھلکے اسباب کی **اُٹھوائی** آٹھ آنے ہوسکتی ہے!

(ب) جب وہ میرے ساتھ کار میں بیٹھ جاتا ہے تو غالباً اُس کے دل میں سب سے بڑا **وہم** یہ ہے کہ شاید اب میں بھی بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبالؒ کی باتیں پوچھ پوچھ کر اُس کا **سر کھپاؤں گا** لیکن میں نے بھی **عزم** کر رکھا ہے کہ میں خود علی بخش سے حضرت علامہ کے بارے میں کوئی سوال نہیں کروں گا۔ اگر واقعی وہ علی بخش کی زندگی کا ایک جزو ہیں تو یہ جوہر خود بخود عشق اور **مُشک** کی طرح ظاہر ہو کر رہے گا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔ ( 10 )

(i) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟

(ii) مرزا سعید کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟

(iii) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو کس کام کے لیے بلوایا تھا؟

(iv) اسلام غیر مسلموں سے کس قسم کے سلوک کا حکم دیتا ہے؟

(v) ہاجرہ مسرور کہاں پیدا ہوئیں اور ان کے شوہر کا نام کیا تھا؟

(vi) مال گودام روڈ پر گھوڑوں پر کیا بیتتی ہے؟

(vii) فراقؔ کی شاملِ نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

(viii) جمیل الدین عالی نے کن اصنافِ سخن پر طبع آزمائی کی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مُلمّع (ii) اِستنبول ( 05 )

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ ( 15 )

(i) تحریکِ پاکستان (ii) سیلاب کی تباہ کاریاں (iii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ

7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ ( 10 )

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں میں تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں سے دو خاندان بہت ہی مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سے زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے۔ اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کرسکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:-** (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں۔ (ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔

(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے؟

(iv) دُنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟ (v) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟



www.taleem360.com